سوال نمبر 14494 منجانب جناب محترمہ نعیمہ کشور رکن صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختونخوا

نمبر شمار	سوال	جواب
	کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ	
(ا)	صوبے میں نہروں اور سیلابی گزرگاہوں میں بڑے پیمانے پر کچرا ڈالا جا رہا ہے جس سے آبی آلودگی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ حکومت پانی کو آلودگی سے بچانے کیلئے کیا اقدامات کر رہی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	جی ہاں۔ نہروں اور سیلابی گزرگاہوں میں بڑے پیمانے پر کچرا ڈالا جا رہا ہے جس کی وجہ سے آبی آلودگی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس بارے میں وضاحت کی جاتی ہے کہ محکمہ کی طرف سے عوام الناس کو بار بار آگاہ کیا جاتا ہے کہ نہروں اور آبی گزرگاہوں میں کچرا نہ ڈالیں۔ کیونکہ اس سے پانی کی آلودگی کیساتھ ساتھ ماحول پر بھی برا اثر پڑ رہا ہے۔ اس بارے میں ضلعی انتظامیہ کیساتھ اجلاس بھی منعقد ہو چکے ہیں اور کئی مقامات پر نہر میں گرنے والے نالیوں کو بھی بند کیا گیا ہے، اور کئی افراد کو کینال اینڈ ڈرینج ایکٹ کے تحت نوٹس بھی جاری کئے گئے ہیں۔ جو لوگ باز نہیں آتے ضلعی انتظامیہ کے ذریعے انکے خلاف بھرپور کارروائی کی جائیگی۔ نیز حکومت نے ماحول میں بہتری کے لئے محکمہ ماحولیات کے تحت تحفظ موحولیات ایجنسی (Environmental Protection Agency) اور تحفظ ماحولیات ٹریبونل (Environmental Protection Tribunal) تشکیل دیا ہے۔ لہذا مذکورہ محکمہ ماحولیات اس ضمن میں تفصیلی اقدامات کی فہرست فراہم کر سکے گا۔

Scanned with CamScanner